2174 ـ پیٹ میں ہوا پھرنا

سوال

اگر کوئی شخص باوضوء ہو اور اپنے پیٹ میں ہوا پھرنے کی گڑگڑ سنے لیکن ہوا خارج نہ ہوئی ہو تو اس کا حکم کیا ہے، آیا وہ باوضوء ہے یا کہ اس کا وضوء ٹوٹ گیا ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اگر شخص باوضوء ہو اور اپنے پیٹ میں ہوا پھرنے کی آواز سنے تو اس سے وضوء نہیں ٹوٹتا جب تک کہ ہوا خارج نہ ہو، کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" تم میں کوئی ایک جب اپنے پیٹ میں کچھ گڑبڑ پائے اور اسے اشکال پیدا ہو کہ آیا اس کی ہوا خارج ہوئی ہے یا نہیں تو وہ اس وقت تك مسجد سے نہ نکلے جب تك وہ آواز نہ سن لے، یا پھر بدبو نہ پا لے "

صحیح مسلم (1 / 190) .